

# اپنے نیو جرسی کے کام کے حقوق کو جانیں

**myworkrights.nj.gov**

## نیو جرسی کی سب سے کم اجرت

زیادہ تر کارکنوں کے لیے کم از کم اجرت 15$ سے زیادہ

- اپنی سب سے کم اجرت کی شرح کی معلومات **nj.gov/labor/minwage** پر حاصل کریں یا **QR** کوڈ اسکین کریں

## آپ درج ذیل ادا کئے جانے کے حقدار ہیں

- آپ ان تمام گھنٹوں کے لیے پوری اجرت کی رقم کے حقدار ہیں جن میں آپ نے کام کیا ہے، اور یہ ریاست کی مروجہ سب سے کم اجرت سے کم نہ ہو۔
- **اوور ٹائم:** زیادہ تر کارکنان فی ہفتہ **40** گھنٹوں سے زیادہ کام کئے ہوئے گھنٹوں کے لیے باقاعدہ فی گھنٹہ ادائیگی کی شرح سے **1.5** گنا زیادہ واجب الادا ہیں۔
- **عوامی تعمیرات (یعنی اسکول، عمارتیں، سڑکیں):** ٹھیکیدار کو ریاست کے ساتھ رجسٹر ہونا چاہئے اور مروجہ اجرت ادا کرنی چاہئے۔
- **آزاد ٹھیکیدار (1099) کے طور پر غلط درجہ بندی کی گئی ہے یا بغیر ریکارڈ کے نقد رقم ادا کی گئی ہے:** آپ کی غلطی نہیں ہے، لیکن آپ کام کے حقوق اور دیگر فوائد سے محروم ہو سکتے ہیں۔ غلط درجہ بندی شدہ ملازمین آجر کے جرمانے کے حصے کے طور پر مالی انعام کے مستحق ہو سکتے ہیں۔

## تنخواہ کے ساتھ طبی رخصت ایک قانون ہے

آپ کو حق حاصل ہے کہ اپنی اور اپنے پیاروں کی دیکھ بھال کریں۔

سائز سے قطع نظر تمام آجروں کو ہر **30** گھنٹے پر آپ کو **1** گھنٹہ اور سالانہ **40** گھنٹے تک کی تنخواہ کے ساتھ طبی رخصت فراہم کرنی لازمی ہے؛ ان کا استعمال جسمانی یا ذہنی صحت، کووڈ-**19** ٹیسٹنگ/ویکسینیشن/قرنطینہ، اپنے بچے کے اسکول کی ملاقاتوں، جنسی/گھریلو تشدد سے نمٹنے اور مزید چیزوں کے لیے کیا جا سکتا ہے۔

قریب قریب سبھی کارکنان بیمہ شدہ ہیں: کل وقتی، جزوقتی، اور عارضی۔ مزید معلومات کے لیے **mysickdays.nj.gov** پر جائیں۔

## نیو جرسی کے کام کے حقوق اور فوائد

**نیو جرسی کی تنخواہ کے ساتھ فیملی اور طبی رخصت:** اپنی اور پیاروں کی دیکھ بھال کے لیے نقد امداد؛ وفاقی اور/یا ریاستی قانون کے تحت آپ کے ملازمت کی حفاظت ہو سکتی ہے

**دوران عمل زخمی ہونا:** آپ کارکنوں کے معاوضے کے اہل ہو سکتے ہیں

**محفوظ اور صحت مند جائے عمل:** آجروں کو ریاستی اور وفاقی او ایس ایچ اے کے معیار کی تعمیل کرنی ہوگی

**نیو جرسی کا قانون کام پر امتیازی سلوک سے منع کرتا ہے: njcivilrights.gov**

## اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کے حقوق کی پامالی ہو رہی ہے

تحفظات بیشتر کارکنوں کا احاطہ کرتے ہیں، اور اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ آپ کو ادائیگی نقد رقم ، پیس ریٹ یا تنخواہ کی صورت میں کی جاتی ہے۔

- اپنے یومیہ اور ہفتہ وار کام کے گھنٹوں اور ملنے والے معاوضوں کی مکمل جانکاری رکھیں **myworkrights.nj.gov** پر شکایت درج کریں؛ **بدلے کی کارروائی کرنے والے آجروں کو سخت سزاؤں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔**

این جے ڈی او ایل کے ملازمین امیگریشن یا شہریت کے متعلق باز پرس نہیں کرتے ہیں اور سبھی کارکنوں کی حیثیت سے قطع نظر ان کی مدد کرتے ہیں۔

جب تک کہ قانونی طور پر ایسا کرنا لازمی نہ ہو، کسی بھی وفاقی امیگریشن ایجنسی سے این جے ڈی او ایل کوئی بھی تفتیش کی معلومات شیئر نہیں کرے گی۔